سوال

(155) دعا میں نیک اعمال یا بزرگ کا واسطہ دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر دعا کرتے وقت آپﷺ کے طفیل سے یا کسی بزرگ کے وسیلے سے یا اپنے نیک اعمال کا واسطہ دے کر دعا کرے تو جائز ہے یا نہیں۔ مع ثبوت اور حوالہ کے جواب دیجئے۔ ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اعمال کا وسطہ تو آیا ہے۔ کسی بزرگ کو واسطہ میں زکر کرنا ثابت نہیں ایک حدیث میں آیا ہے کہ تین آدمی سفر کو نکلے ان تینوں کو تکلیف پہنچی۔ تینوں نے اپنے خاص خاص اعمال یاد کر کے خدا کے حضور پیش کر کے دعا مانگی۔ کہ ہماری تکلیف کو دور کردے۔ وہ تکلیف دور ہوگئی۔ یہ روایت مشکواۃ باب الانفاق میں بھی ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص360

محدث فتویٰ